## 22949 ـ عورت سے مسلسل خارج ہونے والے مادہ کا حکم

**سوال**

مستقل طور پر مجھ سے سائل مادہ خارج ہوتا رہتا ہے، میں نماز كس طرح ادا كروں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

اگر تو مادہ خارج ہونے ميں وقفہ ہوتا ہے، اور عادتا نماز كے اوقات ميں خارج نہيں ہوتا، تو اسے مادہ خارج نہ ہونے كے وقت تك نماز مؤخر كر دينى چاہيے اگر نماز كا وقت نكلنے كا خدشہ نہ ہو، ليكن اگر نماز كا وقت نكل جانے كا خطرہ ہو تو وضوء كر كے لنگوٹى باندھ كر نماز ادا كر لے.